## بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ ایگزامینیشن ۲۰۲۲ء (سالانہ)

# ماڈل پیپر

# اُردو سلیس (آسان اُردو)

وقت: ۳ گھنٹے | جماعت دہم۔ (سائنس گروپ) | کل نشانات: ۷۵

## حصّہ ''الف'' (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) 40%

سوال نمبر ۱۔ ۳۰ کثیر الانتخابی سوالات تمام سلیبس سے دیے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔ (۳۰ نشانات)

## حصّہ ''ب'' (مختصر جواب کے سوالات) 40% (نشانات: ۳۰)

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (۴)

(i) فاطمہ بنتِ عبداللہ جیسی عظیم مجاہدہ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(ii) حضرت عمر بن عبدالعزیز کا دورِ خلافت اسلام کا سنہرا دور کیوں کہا جاتا ہے؟

(iii) مرزا غالب کے خطوط کی تین خصوصیات تحریر کیجیے۔

(iv) قومی اور علاقائی زبانوں کے باہمی ربط سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

۳۔ درج ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (۴)

(i) نعت اور مناجات کی تعریف تحریر کیجیے۔

(ii) حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے گھر کا کیا حال تھا؟

(iii) جو لوگ ہمت ہار جاتے ہیں ان کا کیا حال ہوتا ہے؟

(iv) حالی کے خیال میں اللہ کا سب سے مقبول بندہ کون سا ہے؟

۴۔ سبق ''فضول رسمیں'' کا مرکزی خیال ۔۔یا۔۔ سبق ''نام دیو مالی'' کا خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

۵۔ نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ ۔۔یا۔۔ نظم ''حضرت ابوبکر صدیقؓ'' کا مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

جاری ہے۔۔۔

NEW MODEL QUESTIONS PAPER
Result.pk

٦۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی تین کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے: (٦)

(i) ہر اک شے میں پاتا ہوں رنگ محبت — ہے طیبہ کا جب سے خیال اللہ

(ii) تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا — تری آرزو ہے اگر آرزو ہے

(iii) نہ سنو، گر برا کہے کوئی — نہ کہو، گر برا کرے کوئی

(iv) کچھ تم سے بھی زیادہ مقدم ہے ان کا حق — جن کو کہ بھوک پیاس سے سونا حرام تھا

(v) مشقت کی ذلت جنھوں نے اٹھائی — جہاں میں ملی ان کو آخر بڑائی

٧۔ (الف) تین اسم فاعل۔۔یا۔۔تین اسم مفعول تحریر کیجیے۔ (٣)

۔۔یا۔۔

درج ذیل میں سے تین الفاظ و محاورات کے جملے بنائیے۔

تجدید۔ ترقی۔ تقلید۔ ہنگامہ۔ موت کو ٹالنا

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے تین الفاظ کے متضاد بنائیے۔ (٣)

سناٹا۔ مخالف۔ زندگی۔ شہر۔ ظلم۔ محفوظ

Result.pk

## حصّہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) 20% نشانات: ١٥

٨۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں اس بات پر اظہار خیال کیجیے کہ امتحان کی تیاری کس طرح کرنی چاہیے۔ (٥)

۔۔۔۔یا۔۔۔۔

دو دوستوں کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے جس میں تعصّب کے نقصانات بیان کیجیے۔

٩۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے: (١٠)

(i) اتحاد و اتفاق کے فائدے

(ii) ایک دل چسپ اور یادگار سفر

(iii) کتاب بہترین دوست ہے

NEW MODEL QUESTIONS PAPER

# ماڈل پیپر

## اُردو (متبادل کورس)

وقت: ۳ گھنٹے | جماعت دہم۔(سائنس گروپ) | کل نشانات: ۷۵

### حصّہ " الف "(لازمی)(کثیر الانتخابی سوالات) 40%

سوال نمبر ا۔ ۳۰ کثیر الانتخابی سوالات تمام سلیبس سے دیئے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔ (نشانات ۳۰)

### حصّہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) 40% نشانات: ۳۰

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے :- (۴)

(i) عبدالمجید سالک نے مولانا حالی کے متعلق کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟
(ii) ایمسٹرڈم کے مشہور ٹروپن میوزیم میں کون کون سی چیزیں دیکھنے کے قابل ہیں؟
(iii) نبی بخش کی اتنی قدر کیوں کی جاتی تھی؟
(iv) لکھنؤ کے بانکوں میں کیا خصوصیات پائی جاتی تھیں؟

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (۴)

(i) میر تقی میر کس لقب سے مشہور ہیں؟ ان کی شاعری کی بنیادی صفات دو جملوں میں تحریر کیجیے۔
(ii) مولانا عبدالحلیم شرر نے کس قسم کے ناول لکھے ان کے تین ناولوں کے نام بھی لکھیے۔
(iii) احمد ندیم قاسمی کی افسانہ نگاری پر چند جملے تحریر کیجیے۔
(iv) علامہ اقبال کی غزل گوئی اور نظم گوئی کے حوالے سے مختصر رائے دیجیے۔

۴۔ مصنف کے حوالے کے ساتھ سبق " اوور کوٹ " کا خلاصہ۔۔یا۔ سبق " سونے کا ہار " کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۵)

--یا--

شاعر کے حوالے کے ساتھ نظم " قومی حالت " کا مرکزی خیال۔۔یا۔ نظم " کسان " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

۵۔ (الف) بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی تین اقسام کون سی ہیں؟ مثالیں بھی دیجیے۔ (۳)

--یا--

مندرجہ ذیل میں سے تین الفاظ و محاورات کے ساتھ جملے بنائیے۔

ہدف بننا۔ میدانِ کارزار۔ اودھم مچانا۔ خوش پوش۔ جذبۂ ترحم۔ بے تحاشا

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین الفاظ کے واحد بنائیے۔ (۳)

حوادث۔ آلام۔ اخلاق۔ ابواب۔ ادویہ۔ امور

جاری ہے۔۔۔

Result.pk
NEW MODEL QUESTIONS PAPER

۶۔ شعرا کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جُز کی تشریح کیجیے۔ (۶)

فرصتِ زندگی بہت کم ہے مغتنم ہے یہ دید جو دَم ہے
رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے
من کی دولت ہاتھ آتی ہے تو پھر جاتی نہیں تن کی دولت چھاؤں ہے آتا ہے دھن جاتا ہے دھن

۔۔۔۔یا۔۔۔۔

ہو علم اگر نصیب تعلیم بھی کر دولت جو ملے تو اس کو تقسیم بھی کر
اللہ عطا کرے جو عظمت تجھ کو جو اہل ہیں اس کے ان کی تعظیم بھی کر

۷۔ اپنے دوست کو ایک خط لکھیے جس میں دل چسپ انداز سے خط لکھنے کا طریقہ بتائیے۔ (۵)

۔۔۔۔یا۔۔۔۔

اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے۔ جس میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے حادثات میں کمی کے لیے تجاویز پیش کیجیے۔

## حصّہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) 20% نشانات: ۱۵

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عبارت کا مطلب آسان اردو میں تحریر کیجیے۔ سبق کا نام اور مصنف کا حوالہ بھی درج کیجیے۔ (۷)

(الف) بیرونی مسرّتوں اور مصنوعی خوشیوں کے پیچھے وہی لوگ بھاگتے ہیں جن کے اپنے سینے ویران ہوتے ہیں ورنہ قدرت نے اپنے فیضان سے کسی کو محروم نہیں رکھا اور اپنے خزانوں کے لعل و گہر جھولیاں بھر بھر کر لٹائے ہیں اور انھی میں حقیقی مسرت کے وہ الماس ہیں کہ ہزار ہزار پہلو رکھتے ہیں اور ہر پہلو مملکتوں کے خزائن پر بھاری ہوتا ہے۔

(ب) خدا کو ہم سے عداوت نہیں، بیر نہیں۔ جو کچھ کرتا ہے ہمارے نفع کے لیے کرتا ہے لیکن اپنی کم فہمی کی وجہ سے ہم ان مصلحتوں کے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ دنیا کے انتظام پر نظر کرو تو تن درستی، مال، اولاد اور حکومت، شرافت، دین داری ہزاروں طرح کی نعمتیں ہیں اور یہ نعمتیں خداوند کریم نے اپنی مرضی کے مطابق لوگوں میں تقسیم کی ہیں۔

۹۔ مندرجہ ذیل میں سے سے کسی ایک عنوان پر کم از کم دو صفحات کا تفصیلی مضمون لکھیے۔ (۸)

(i) فرسودہ رسم و رواج کی خرابیاں
(ii) کتب خانوں کی اہمیت و افادیت
(iii) ماحولیاتی آلودگی اور ہماری ذمہ داریاں

NEW MODEL QUESTIONS PAPER
Result.pk